Fikr-o-Nasar (Islamabad) 12:10-11 (1975) © rasailojaraid.com

# قصیدہ لامیہ

محسن کاکوروی

گل خوش رنگ رسول مدنی عربی
زیب دامان ابد طرۂ دستارِ ازل

نہ کوئی اس کا مشابہ ہے نہ ہمسر نہ نظیر
نہ کوئی اس کا مماثل نہ مقابل نہ بدل

اوج رفعت کا قمر نخل دو عالم کا ثمر
بحر وحدت کا گہر چشمۂ کثرت کا کنول

مہر توحید کی ضو اوج شرف کا مہ نو
شمع ایجاد کی لو بزم رسالت کا کنول

مرجع روح امیں زیب دہ عرش بریں
حامی دینِ متیں ناسخ ادیان و ملل !

ہفت اقلیم ولایت میں شہ عالیجاہ
چار اطراف ہدایت میں نبی مرسل

شب اسریٰ میں تجلی سے رخ انور کی
پڑ گئی گردن رفرف میں سنہری ہیکل !

افضلیت پہ تری مشتمل آثار و کتب
اولیت پہ تری متفق ادیان و ملل

© rasailojaraid.com